© rasailojaraid.com

تبصرے

اصول فقہ اسلام ترجمہ مولوی مسعود علی صاحب، تقطیع کلاں، ضخامت ۲۸۳ صفحات کتابت وطباعت بہتر، قیمت -/۱۵ پتہ: کریم سنز پبلشرز۔ کیپٹن روڈ۔ کراچی ۔ ۵

غیر منقسم ہندوستان میں سر عبد الرحیم بڑے نامور اور بلند پایہ ماہرِ قانون تھے اور اس حیثیت سے ان کا اسلامی فقہ کا مطالعہ بھی بہت وسیع اور فنی تھا۔ چنانچہ موصوف نے ۱۹۰۷ء میں کلکتہ یونیورسٹی میں "ٹیگور پروفیسر" کی حیثیت سے اس موضوع پر متعدد لکچر بھی دیئے تھے جو پانچ چھ برس کے بعد کتابی صورت میں شائع کر دیئے گئے تھے۔ اگرچہ آج کل اسلامی قانون اور اصول فقہ وتشریع کا موضوع اس درجہ اہم اور وسیع ہے کہ گذشتہ ربع صدی میں اس پر بلا مبالغہ انگریزی، عربی، اردو میں خصوصاً اور دوسری زبانوں میں عموماً سینکڑوں مقالات اور کتابیں شائع ہو چکی ہیں اور عظیم ذخیرہ میں بہترین اور قابل قدر مقالات اور کتابیں بھی کچھ کم تعداد میں نہیں ہیں۔ تاہم سر عبد الرحیم نے ایک عظیم المرتبت ماہرِ قانون کی حیثیت سے اس کتاب میں اسلامی فقہ کے اصلی اور متبعی مآخذ اور اس کے مختلف احکام کا جائزہ جس فنی مہارت اور وسعت نظر کے ساتھ لیا ہے اس کی وجہ سے اب بھی یہ کتاب ایک مستقل افادیت کی حامل اور قانون کے طلبا اور اساتذہ کے لیے لائق مطالعہ ہے۔ یہ کتاب اصل انگریزی میں تھی۔ ترجمہ سہل وسلیس اور شگفتہ ہے۔ آخر میں قانونی مصطلحات کے لئے انگریزی الفاظ کی فہرست اور طویل اشاریوں کے اضافہ نے کتاب کی افادیت کو دوچند کر دیا ہے۔

عربوں کی جہاز رانی (انگریزی) از جناب سید صباح الدین عبدالرحمٰن صاحب۔ تقطیع متوسط، ضخامت ۱۵۳ صفحات، ٹائپ جلی اور روشن، قیمت مجلد -/۱۲ پتہ: شیخ محمد اشرف

© rasailojaraid.com